Story by Kausar

میں اور میرے والدین ایک ہی شہر میں رہتے تھے۔ میری امی کی جب بھی طبیعت خراب ہوتی تو میں فوراً ان کا خیال رکھنے چلی جاتی۔ میری چھوٹی بہن بھی اکثر ٹھیک نہیں رہتی تھی۔

ایک دن میرے بھائی کی کال آئی کہ امی کہہ رہی ہیں کہ انہوں نے عمرہ کرنے جانا ہے اور تم بھی ساتھ چلو۔
عمرہ ایک مقدس عبادت ہے جس میں مسلمان مکہ مکرمہ جا کر خانۂ کعبہ کی زیارت اور مخصوص عبادات ادا کرتے ہیں۔

میں نے کہا کہ میرا بیٹا ابھی صرف دو سال کا ہے، وہ کیسے رہے گا؟ اس سے بڑی بیٹی پانچ سال کی ہے اور ایک اس سے بڑا بیٹا بھی ہے، تو ان کا خیال کون رکھے گا؟

پھر دو دن بعد میں نے سوچا کہ کوئی بات نہیں، دو ہفتوں کی ہی تو بات ہے، چلی جاتی ہوں۔ میرے شوہر بچوں کا خیال رکھ لیں گے۔ کیونکہ اگر وہاں امی کی طبیعت خراب ہوگئی تو مجھے بہت پریشانی ہوگی۔ میں نے یہ بھی سوچا کہ اللہ کے گھر جانا ہے، میں وہاں دعا کروں گی اور بچے بھی خیریت سے رہیں گے۔

میں نے پھر بھائی کو فون کیا کہ میں عمرے پر جانے کے لیے تیار ہوں۔ لیکن بھائی نے بتایا کہ کل ہماری خالہ گھر آئی تھیں اور وہ ساتھ جانے کے لیے تیار ہوگئی ہیں، اس لیے تم رہنے دو۔

یہ سن کر مجھے بہت دکھ ہوا کہ میں بھی اللہ کا گھر دیکھ لیتی، پھر نہ جانے کب قسمت میں ہوگا۔

پھر کچھ دن بعد ان لوگوں کا ویزا بھی آگیا۔ اس کے بعد میری امی کی کال آئی۔
انہوں نے کہا:
"تم بھی ساتھ چلو، میں تمہارے بغیر نہیں جانا چاہتی، ہم تمہارا ویزا بھی لگوا لیتے

ہیں۔"

میرا نیا پاسپورٹ بنا، پھر ویزا آنے میں بھی کافی دن لگ گئے۔ تقریباً تین مہینے بعد میرے تمام ڈاکیومنٹس مکمل ہوئے۔ تب تک رمضان بھی آگیا تھا۔

ہم رمضان کے دوران روانہ ہوئے۔ ہم سب بہت خوش تھے کہ ہمیں رمضان میں عمرہ کرنے کی سعادت مل رہی ہے۔

ہم نے آٹھ دن مکہ مکرمہ میں گزارے، پھر ہم لوگ مدینہ منورہ گئے اور وہاں بھی آٹھ دن گزر گئے۔

ایک روز جمعرات کو میری امی کی طبیعت خراب ہوگئی۔ رات کے دو بج رہے تھے، اور صبح چار بجے وہ فوت ہوگئیں۔

جمعہ کے دن مدینہ میں مجھے ایسا لگا جیسے ہم پر قیامت گزر گئی ہو۔ میں بہت رو رہی تھی، لیکن وہاں لوگ مجھے مبارک دے رہے تھے کہ یہ تو بہت خوش قسمتی کی بات ہے کہ امی مدینہ میں جمعہ کے دن فوت ہوئیں۔

میں اس بات پر بہت شکر گزار ہوں کہ میں امی کے آخری سفر میں ان کے ساتھ تھی، اور میں نے اپنے ہاتھوں سے انہیں غسل دیا۔ میں نے اپنی امی کا آخری دیدار بھی کر لیا، اور میری امی نے مجھے عمرہ بھی کروا دیا۔